# 27-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیرِ اعلیٰ ریونت ریڈی نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ دھان، کپاس اور مکئی کی خریداری کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے تاکہ کسانوں کو کسی بھی قسم کی پریشانی یا نقصان کا سامنا نہ ہو۔

۲۔ بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کانگریس حکومت پر مکمل طور پر ناکامی کا الزام عائد کیا اور کہا کہ وہ کسانوں اور ملازمین کو نظر انداز کرنے کے علاوہ ریاست بھر میں نظم وضبط سے غلط طریقہ سے نمٹ رہی ہے۔

۳۔ ملک بھر میں آج سے وجلنس اووینرس ہفتہ 2025ء منایا جارہا ہے۔

۴۔ جنوب مشرقی خلیج بنگال میں طوفان مونتھا کی شدت مزید بڑھ گئی ہے۔ جس کے نتیجہ میں جنوب مغربی اور جنوب مشرقی خلیج بنگال کے آس پاس کے علاقوں میں صورتحال شدت اختیار کر گئی ہے۔ تلنگانہ کے بعض اضلاع میں بارش کا امکان ہے۔

ARREST:

بی آر ایس کے سینئر لیڈرس کو پولا ایشور اور کوکانتی چندر کو آج حیدرآباد میں اس وقت گرفتار کر لیا گیا جب وہ سیکرٹریٹ کے قریب ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے مجسمے کے سامنے احتجاج کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ پولیس نے ان کے احتجاج کو روک دیا، جس پر دونوں رہنماؤں اور کارکنوں کے درمیان تکرار ہوئی۔ ذرائع کے مطابق بی آر ایس لیڈرس، ریاستی وزیر اے لکشمن کو چیلنج دینے وہاں پہنچے تھے تاکہ بی آر ایس کی دس سالہ حکمرانی اور کانگریس کی دو سالہ حکومت کے کارناموں کا موازنہ عوامی بحث میں کیا جاسکے۔ ایشور نے وزیر لکشمن کو کھلے مباحثے کی دعوت دی تھی تاکہ دونوں حکومتوں کی کارکردگی عوام کے سامنے رکھی جاسکے۔

BRS-AUTO:

حیدرآباد بھر میں آٹو رکشہ ڈرائیورس نے آج اپنے مسائل براہِ راست بی آر ایس لیڈرس کے سامنے رکھے۔ آٹو ڈرائیورس نے الزام عائد کیا کہ کانگریس حکومت نے ان کے اعتماد کو ٹھیس پہنچائی اور انہیں مالی مشکلات میں مبتلا کر دیا ہے۔ ایک منفرد مہم کے دوران بی آر ایس کے ورکنگ صدر کے ٹی راما راؤ اور سینئر لیڈر ٹی ہریش راؤ سمیت کئی اہم لیڈرس آٹو رکشاؤں میں سفر کرتے ہوئے ڈرائیوروں کے مسائل سننے نکلے۔ کے ٹی آر نے جوبلی ہلز چیک پوسٹ سے تلنگانہ بھون تک آٹو رکشہ میں سفر کیا، جس کے ڈرائیور مشرف علی وہی ہیں جن کے رکشہ میں راہول گاندھی نے 2023 کی انتخابی مہم کے دوران سفر کیا تھا۔ ہریش راؤ نے بھی آٹو ڈرائیوروں کے ساتھ سفر کرتے ہوئے ان کے مسائل اور مشکلات کو سنا۔ اس مہم میں سابق وزیر ٹی سرینواس یادو، رکن پارلیمنٹ وی روی چندر، سینئر لیڈرس سنیتا لکشما ریڈی، کویتا مالوتھ، پدما دیویندر ریڈی اور دیگر لیڈرس بھی موجود تھے جنہوں نے عوامی سطح پر آٹو رکشہ میں سفر کیا۔

PROCUREMENT:

تلنگانہ بھر میں متوقع شدید بارش کے پیش نظر وزیرِ اعلیٰ ریونت ریڈی نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ دھان، کپاس اور مکئی کی خریداری کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے تاکہ کسانوں کو کسی بھی قسم کی پریشانی یا نقصان کا سامنا نہ ہو۔ وزیر اعلیٰ نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ خریداری کا عمل ہموار اور منظّم طریقے سے مکمل کیا جائے اور بارش کے باعث کسی رکاوٹ یا مالی نقصان سے بچاؤ کے لیے پیشگی اقدامات کیے جائیں۔ سی ایم کی ہدایت پر آبپاشی اور سول سپلائز کے وزیر اتم کمار ریڈی اور زراعت کے وزیر تملا ناگیشور راؤ نے تمام ضلع کلکٹروں اور سینئر حکام کے ساتھ ویڈیو کانفرنس منعقد کی۔ اس اجلاس میں تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اور امکانی بارش کے پیش نظر ضروری اقدامات کی ہدایت دی گئی۔ یہ اقدامات اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ حکومت کسانوں کے مفاد کے تحفظ اور شفاف انتظامی کارکردگی کے لیے سرگرم عمل ہے۔

TECH X:

ریاست تلنگانہ کے اسپیشل چیف سکریٹری برائے اسپیشل پراجیکٹس اورانویسٹمنٹ سیل جیش رنجن نے آج حیدرآباد انٹرنیشنل کنونشن سینٹر میں ٹیک ایکس کے نام سے ٹیکنالوجی اوراسٹارٹ اپس کی اختراعی نمائش کا افتتاح کیا۔ یہ پروگرام آئی کے پی نالج پارک کے زیرِ اہتمام اس کے سالانہ فلیگ شپ ایونٹ انٹرنیشنل نالج ملینیم کانفرنس 2025 کا حصہ ہے۔اس سال کانفرنس کا موضوع ''بیونڈ دی بلوپرنٹ: ری کلِبر یٹنگ انوویشن فار اے ڈسرپٹڈ ورلڈ'' رکھا گیا ہے۔ تین روزہ اس تقریب میں 150 سے زائد اسٹارٹ اپس نے ہیلتھ کیئر، بایوٹیک، ڈیفنس اورمیٹریل سائنس کے شعبوں میں جدید تحقیق اور ٹیکنالوجی کےنمونے پیش کیے۔اس موقع پرجیش رنجن نے گزشتہ پچیس برسوں میں تحقیق اوراختراع کے فروغ میں آئی کے پی کے مسلسل کردار کی ستائش کی۔انہوں نے کہا کہ حکومت اختراع کرنے والے نوجوانوں کوفنڈنگ اور تحقیق میں تعاون فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہےاورتلنگانہ کی انوویشن ایکوسسٹم کومزید مضبوط بنانے کے لیے پختہ قدم اٹھائے جارہے ہیں۔

SC - DOGBITES:

سپریم کورٹ نے آج ملک بھرمیں آوارہ کتوں کے کاٹنے کے بڑھتے واقعات پرسخت نوٹس لیتے ہوئے ان تمام ریاستوں اورمرکز کے زیرِانتظام علاقوں کے چیف سکریٹریوں کی شخصی حاضری 3 نومبرکوطلب کی ہےجنہوں نے تاحال عدالت کےاحکام پرعمل درآمد سے متعلق حلف نامے داخل نہیں کیے۔جسٹس وکرم ناتھ،سندیپ مہتا اوراین وی انجاریہ پر مشتمل بنچ نے مشاہدہ کیا کہ اب تک صرف دہلی،مغربی بنگال اور تلنگانہ نے اپنے حلف نامے جمع کرائے ہیں۔عدالت نے واضح کیا کہ باقی تمام ریاستوں اور یونین ٹیریٹریز کے چیف سکریٹریوں کو 3 نومبرکوصبح 10:30 بجے عدالت میں شخصی طور پر پیش ہونا ہوگا اور وضاحت دینی ہوگی کہ تعمیل کے حلف نامے کیوں جمع نہیں کرائے گئے۔بنچ نے کہا کہ ملک میں کتوں کے کاٹنے کے واقعات مسلسل پیش آرہے ہیں جس سے نہ صرف شہریوں کی زندگی متاثر ہورہی ہے بلکہ بیرونی دنیامیں بھی ملک کی ساکھ منفی طورپرپیش کی جارہی ہے۔

PREZ-IPS:

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا کہ ہے نوجوان عہدیداروں کی قیادت میں مستقبل کی جدید پولیس فورس ''وِکست بھارت'' کی تعمیر میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے یہ بات نئی دہلی میں انڈین پولیس سروس کے 77 ویں بیاچ کے پروبیشنرز سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ صدر مرمو نے کہا کہ نوجوان عہدیداروں کو یہ بات ہمیشہ یاد رکھنی چاہئے کہ اختیار کے ساتھ جوابدہی بھی آتی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوان عہدیداروں کو ہر حال میں دیانت دارانہ اور منصفانہ طریقہ کار اپنانا چاہئے، خاص طور پر ہنگامی حالات میں۔ انہوں نے ''ڈیجیٹل گرفتاری'' کو شہریوں کے لیے ابھرتا ہوا ایک بڑا خطرہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ نئی نسل کے آئی پی ایس آفیسرس کو جدید ٹیکنالوجی خصوصاً مصنوعی ذہانت کو اپنانا چاہئے تاکہ وہ بدلتی ہوئی دنیا کے تقاضوں کے مطابق بہتر کارکردگی دکھاسکیں۔

WEATHER:

جنوب مشرقی خلیج بنگال میں طوفان مونتھا کی شدت مزید بڑھ گئی ہے۔ جس کے نتیجہ میں جنوب مغربی اور جنوب مشرقی خلیج بنگال کے آس پاس کے علاقوں میں صورتحال شدت اختیار کرگئی ہے۔ اس بنا پر تلنگانہ کے اضلاع بھوپال پلی، پداپلی اور ملگو میں کل منگل کو کہیں کہیں شدید سے انتہائی شدید بارش کے علاوہ بوندہ باندی کے علاوہ بجلیاں چمکنے کے علاوہ تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران اضلاع عادل آباد، آصف آباد، بھوپال پلی اور ملگو میں بھی بعض مقامات پر شدید سے انتہائی شدید بارش کا قوی امکان ہے۔

SHAH - NAXAL:

مرکزی وزیرداخلہ امیت شاہ نے آج بتایا کہ 21 ماؤنوازوں نے چھتیس گڑھ کے ضلع کنکر نے اپنے ہتھیاروں کے ساتھ خودسپردگی اختیار کرلی۔ شاہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ 21 کے منجملہ 13 ماؤنواز سینئر کیڈرس ہیں۔ 21 مارچ 2026ء تک نکسل ازم کے خاتمہ کی بات کودہراتے ہوئے مرکزی وزیر نے مابقی ماؤنوازوں سے اپیل کی کہ خودکوحوالہ کردیں۔

ISRO-LVM3

ہندوستانی خلائی تحقیقی ادارہ (اسرو) نے سری ہری کوٹہ میں واقع ستیش دھون اسپیس سنٹر میں LVM3 گاڑی کومنتقل کردیا ہے۔ اس گاڑی کے ذریعہ سی ایم ایس 03 کمیونی کیشن سٹلائٹ کو 2 نومبر کوخلا میں روانہ کیا جائے گا۔ مارک 3 لانچ گاڑی ہندوستان کی پانچویں ایسی پرواز ہے جس پر انتہائی وزنی یعنی 4 ہزار 400 کلوگرام اشیاء رکھی ہوئی ہیں۔

BJP:

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے آج کانگریس حکومت پر مکمل طور پر ناکامی کا الزام عائد کیا اور کہا کہ وہ کسانوں اور ملازمین کونظرانداز کرنے کے علاوہ ریاست بھر میں نظم وضبط سے غلط طریقہ سے نمٹ رہی ہے۔ رام چندر راؤ نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ حکومت کے رویہ کی بنا پر کسان سڑکوں پر آرہے ہیں۔ انھوں نے مطالبہ کیا کہ کسانوں سے فوری دھان اور دیگر اشیاء اقل ترین امدادی قیمت پر خریدی جائیں۔ انھوں نے اس بات کی بھی مذمت کی کی موظف ملازمین کے بقایاجات کے تعلق سے بھی غلط طریقہ سے نمٹا جارہا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ حیدرآباد میں حال ہی میں ڈی سی پی پر ہوا حملہ، لا اینڈ آرڈر کی برقراری میں حکومت کی ناکامی کا ثبوت ہیے۔

CONFERENCE:

تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما حیدرآباد میں 29 اکتوبر کو منعقد ہونے والی کونسل آف بورڈ آف اسکول ایجوکیشن آف انڈیا کی سہ روزہ سالانہ کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ حیدرآباد میں منعقدہ میڈیا کانفرنس میں کونسل فار انڈین اسکول سرٹیفکیٹس اگزامینیشنس کے صدر ڈاکٹر ایمانول نے بتایا کہ ملک بھر کے 17 اسکول بورڈس سے تعلق رکھنے والے 70 وفود کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

CVC WEEK:

ملک بھر میں آج سے وجلنس اویرنس ہفتہ 2025ء منایا جارہا ہے جس کا مقصد عوامی زندگی میں دیانتداری کو فروغ دینا اور رشوت سے پاک سماج کی تشکیل ہے۔ اِس ہفتہ کا موضوع ''وجلنس، ہماری مشترکہ ذمہ داری'' دیا گیا ہے۔ اِس پروگرام کا مقصد حکمرانی اور عوامی انتظامیہ میں شفافیت لانا اور حساسیت کو بڑے پیمانے پر تشکیل دینا ہے۔ اِس ہفتہ کا آغاز تمام وزارتوں، محکموں، پی ایس یوز، بینکوں اور دیگر تمام اداروں میں عوامی ملازمین کی جانب سے عہد کے ساتھ ہوا۔ اس ہفتہ کے دوران مختلف بیداری پروگرام منعقد کئے جائیں گے۔ آکاش وانی حیدرآباد کے دفتر میں بھی ریڈیو اسٹیشن کے تمام ارکانِ عملہ اور عہدیداروں کو حلف دلایا گیا۔